24/04/2026

09.25 AM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں---انور الحق

ٹرمپ

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ اسرائیل اور لبنان نے وائٹ ہاؤس میں بات چت کے بعد اگلے تین ہفتوں تک فائر بندی جار ی رکھنے سے اتفاق کیا ہے۔

ان مذاکرات میں امریکہ میں اسرائیل اور لبنان کے سفیروں کے ساتھ ساتھ دونوں خطوں کے اعلیٰ نمائندے موجود تھے۔پہلے دس دن کی فائر بند ی سوموار کو ختم ہونے والی تھی۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے اساتذہ اور طالب علموں سے تلقین کی ہے کہ وہ قوم کی بہتر تعمیر میں اپنا کلیدی رول ادا کرتے رہیں۔

سکول کی نئی عمارت کا افتتاح کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ Pranavananda Vidya Mandir نگروٹہ جموں میں سوامی اساتذہ اور طالب علم بھارت کو علمی معیشتمیں چوٹی کا ملک بنا سکتے ہیں ۔

اس سے قبل لیفٹنٹ گورنر نے نگروٹہ میں سرو شکتی چنڈی ماتا مندر پر بھی حاضری دی اور وہاں لوگوں کی ترقی اور خوشحالی کے لئے پرارتھنا کی ۔

وفد

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ اُن کی سرکار جموں کشمیر کے سبھی خطوں کی متوازن اور جامع ترقی کے لئے پُر عزم ہے۔ وہ جموں میں کئی عوامی اور تجارتی وفود کے ساتھ بات چیت کے دوران خیالات کا اظہار کررہے تھے۔

جموں چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ارون گپتا کی سربراہی میں ایک وفد نے ملاقات کے دوران دربار مو کی روایت کو بحال کرنے کا بھی خیر مقدم کیا ۔

نائب وزیر اعلیٰ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے ترقیاتی پروجیکٹوں کی معیاد بند تکمیل یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ کاموں کا معیار بنائے رکھنے پر زور دیا ہے ۔

ادھمپور ضلعے میں کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کے معائینے کے دوران انہوںنے رام نگر میں حادثے کی جگہ کا سیفٹی الائنمنٹ کرنے کی ضرورت اجا گر کرتے ہوئے کہاکہ حادثے کے پیچھے کار فرما وجوہات کی ذمہ داری طے کی جائے گی۔

ستیش شرما

ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے محکمے کے افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران عوام دوست خدمات کی فراہمی اور سڑک سلامتی یقینی بنانے کی ضرورت اجاگر کرتے ہوئے متعلقین سے جوابدہی یقینی بنانے پر زور دیا ہے ۔

محکمے کے اہم شعبوں کی کار گذاری کاجائزہ لیتے ہوئے وزیر موصوف نے شفافیت اور مسابقت بڑھانے کے علاوہ ٹریفک قوانین کی من و عن عمل آوری یقینی بنانے کی اہمیت بھی اجا گر کی۔

تاریگامی

کولگام محمد یوسف تاریگامی نے اپنے حلقہ انتخاب مینلوگونکوبجلی سپلائی میندر پیش مشکلات کا جائزہ لینے کی MLA غرض سے پاؤر ڈیولپمنٹ کے افسرونکے ساتھ ایک میٹنگ کی۔

میٹنگ کے دوران صارفین کی شکایات کے بر وقت ازالے کیلئے بجلی کے ترسیلی نظام کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط کرنے پر توجہ مرکوز رہی ۔

فلم فیسٹول

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے کہا ہے کہ جموں کشمیر میں// گوا میں منعقدہ انٹر نیشنل فلم فیسٹول آف انڈیا کے ہم پلہ // بین الاقوامی فلم فیسٹول کا انعقاد کیاجائے گا۔

اس سلسلے مینجموں میں منعقدہ اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کے دوران انہوننے محکمہ اطلاعات اور تعلقات عامہ کو ہدایت دی کہ وہ جموں کشمیر میں سینما ، ثقافت اور سیاحت کوفروغ دینے کی غرض سے اپنی نوعیت کے اس فیسٹول کیلئے تیاریاں شروع کرے۔

واضح رہے کہ یہ فیسٹول اس سال سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کے بعد منعقد کئے جانے پر غور کیا جارہا ہے۔

IOC

انڈین اوئل کارپوریشن لمٹیڈکا کہنا ہے کہ جمونو کشمیر میں پیٹرولیم مصنوعات کی کوئی کمی نہیں ہے اور ملک میں ایندھن کی پیدا وار میں30فیصد کا اضافہ درج کیا جا رہا ہے۔

نامہ نگاروں سے بات کر تے ہوئے کارپوریشن کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر آشوتوش گپتا نے کہا کہ جمونو کشمیر میں پیٹرولیم مصنوعات کی سپلائی معمول کے مطابق جا ری ہے۔

فضل الحسیب

سرینگر سمارٹ سٹی لمٹیڈ کے چیف ایگزیکٹو آفیسر فضل الحسیب نے سرینگر کے مصروف ترین گونی کھن مارکیٹ کا دورہ کرکے وہاں تاجرں ، دکانداروں اور دیگر متعلقین سے بات چیت کی ۔

موصوف نے بازار میں بلدیاتی مسائل کے فوری ازالے کی ہدایت جاری کی ، جن میں صفائی ستھرائی، ڈرینج اور پبلک CEO یوٹیلٹی جیسی خدمات کی فراہمی شامل ہیں۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت13ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ22اعشاریہ 8ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ